# بہاولپور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری

## کراچی بائی پاس (نیشنل ہائی وے) بہاولپور

فون نمبر 0345-8880202 0301-6672323

ریفرنس نمبر: بی سی سی آئی/بی ڈبلیو پی/2023-01(138)

مورخہ 12 جنوری 2023

### کاروائی ایگزیکٹو کمیٹی اجلاس بہاولپور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری منعقدہ مورخہ 12 جنوری 2023ء

بہاولپور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی ایگزیکٹو کمیٹی کا ایک اجلاس 12 جنوری 2023ء بروز جمعرات بوقت 11:30 بجے دن زیر صدارت صدر چیمبر جناب چوہدری ذوالفقار علی مان منعقد ہوا۔ جس میں درج ذیل اراکین شریک ہوئے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1۔ | جناب چوہدری ذوالفقار علی مان | (صدر) | آئیڈیل پاکستان انڈسٹریز پرائیویٹ لمیٹڈ، یزمان |
| 2۔ | جناب حنیف احمد | (سینئر نائب صدر) | السعید گارمنٹس اینڈ شوز، بہاولپور |
| 3۔ | جناب عدیل خالد | (نائب صدر) | دوآبہ آئل انڈسٹریز، بہاولپور |
| 4۔ | جناب مرید احمد نعیم | (ممبر) | مرید اینڈ کو، اوچشریف |
| 5۔ | جناب ملک محمد علیم | (ممبر) | ملک ٹریڈنگ کارپوریشن، احمد پور شرقیہ |
| 6۔ | جناب منصور اقبال قریشی | (ممبر) | المیزان آئل ملز، احمد پور شرقیہ |
| 7۔ | جناب محمد عارف | (ممبر) | جنید کاٹن جننگ پریسنگ اینڈ آئل ملز، احمد پور شرقیہ |
| 8۔ | جناب شیخ محمد خرم اظہار | (ممبر) | سبزازار میرج لان، بہاولپور |
| 9۔ | جناب عامر ممتاز | (ممبر) | عامر ممتاز ٹریڈرز، احمد پور شرقیہ |
| 10۔ | جناب ظفر اقبال | (ممبر) | چوہدری موٹرز اینڈ پراپرٹی ایڈوائیزر، بہاولپور |
| 11۔ | جناب عباس علی | (ممبر) | ہما سلک سنٹر، بہاولپور |
| 12۔ | جناب محمد ارشد نذر رحمانی | (ممبر) | رحمانیہ ایسوسی ایٹس بہاولپور |
| 13۔ | جناب شہزاد احمد | (ممبر) | غوث الاعظم فلور ملز، لودھراں |
| 14۔ | جناب محمد سہیل صدیق | (ممبر) | سہیل وقاص پرائیویٹ لمیٹڈ، لودھراں |
| 15۔ | جناب حافظ محمد یونس | (ممبر) | الوقت، بہاولپور |
| 16۔ | جناب محمد جواد بندیشہ | (ممبر) | الفتح اسٹیٹ اینڈ بلڈرز، بہاولپور |

تلاوت کلام پاک سے میٹنگ کا آغاز ہوا۔ صدر چیمبر جناب چوہدری ذوالفقار علی مان نے میٹنگ میں آنے والے تمام ایگزیکٹو اراکین کو میٹنگ میں شرکت کرنے پر انہیں خوش آمدید کہا۔ میٹنگ کی باقاعدہ کاروائی سے پہلے چیمبر کے ایگزیکٹو رکن جناب منصور اقبال قریشی کے والد محترم اور سیکرٹری جنرل سید عبیر حیدر کی دادی محترمہ جو کہ گزشتہ ایام میں مشیت ایزدی سے انتقال کر گئے تھے، ان کے ایصال ثواب کے لیے فاتحہ خوانی اور ان کے درجات کی بلندی کے لیے دعا کی گئی۔

اس کے بعد ایجنڈے کے درج ذیل امور زیر غور لائے گئے۔

**ایجنڈا نمبر 1:-** سابقہ ایگزیکٹو کمیٹی میٹنگ منعقدہ مورخہ 10 دسمبر 2022ء کی کاروائی کی توثیق۔

میٹنگ میں گذشتہ ایگزیکٹو کمیٹی کے اجلاس منعقدہ مورخہ 10 دسمبر 2022ء کی کاروائی برائے توثیق پیش کی گئی، جسے ہاؤس نے بعد غور و خوض منظور کر لیا اور اتفاق رائے سے

اسکی توثیق کرتے ہوئے درج ذیل قرارداد منظور کر لی۔

**قرارداد 06/2022-23**

**"ہر گاہ ہاؤس بہاولپور چیمبر کی ایگزیکٹو کمیٹی کی میٹنگ منعقدہ مورخہ 10 دسمبر 2022ء کی کاروائی سے مکمل اتفاق کرتا ہے اور باتفاق رائے اس کی توثیق کرتا ہے"**

**ایجنڈا نمبر2:- گذشتہ ایگزیکٹو کمیٹی میٹنگ سے لیکر موجودہ میٹنگ تک چیمبر میں آنے والی نئی ممبر شپ کی منظوری۔**

سیکرٹری جنرل چیمبر نے ہاؤس کے سامنے گذشتہ ایگزیکٹو کمیٹی کی میٹنگ منعقدہ مورخہ 10 دسمبر 2022 سے لیکر موجودہ میٹنگ تک بہاولپور چیمبر میں ہونے والی نئی ممبر شپ کی فہرست پیش کی۔ جس کے مطابق 4 ممبر شپ برائے کارپوریٹ کلاس اور 12 ممبر شپ برائے ایسوسی ایٹ کلاس رجسٹر ہوئی ہیں جن کی تفصیل درج ذیل ہے۔

کارپوریٹ کلاس: 1۔ ہزارہ حجاج الحرمین حج اینڈ عمرہ سروسز پرائیویٹ لمیٹڈ، بہاولپور 2۔ یزمان کاٹن فیکٹری، یزمان 3۔ الامیر امپکس پرائیویٹ لمیٹڈ، بہاولپور 4۔ پاورنکسٹ پرائیویٹ لمیٹڈ، بہاولپور

ایسوسی ایٹ کلاس: 1۔ ازان سپر سٹور، بہاولپور 2۔ فاسٹ سپیڈ ٹریڈنگ، احمد پور شرقیہ 3۔ القریش ٹریڈرز، بہاولپور 4۔ محمد راشد آئرن سٹور، بہاولپور
5۔ شاہ سائنٹیفک سولیوشنز، بہاولپور 6۔ ایم ڈیری سولیوشنز، بہاولپور 7۔ جے جے ریئل اسٹیٹ، بہاولپور 8۔ عرفان ٹریڈرز، بہاولپور
9۔ گلوبل ایچ آر سروسز، بہاولپور 10۔ انرجی سورس اینڈ کو، بہاولپور 11۔ نعیم بیٹری سنٹر، بہاولپور 12۔ رحمان ٹریڈرز، بہاولپور

ہاؤس نے درج بالا ممبر شپ پر غور وخوض کرتے ہوئے ان کی باقاعدہ طور پر منظوری دے دی۔

**ایجنڈا نمبر3:- گذشتہ ایگزیکٹو کمیٹی میٹنگ سے لیکر موجودہ میٹنگ تک چیمبر کی سرگرمیوں پر بریفنگ۔**

صدر چیمبر کی ہدایت پر سیکرٹری جنرل چیمبر نے ملٹی میڈیا کے ذریعے گزشتہ میٹنگ سے لیکر موجودہ میٹنگ تک (چیمبر اور چیمبر سے باہر) ہونے والے تمام پروگرامز، میٹنگز وغیرہ جن میں چیمبر کے اعلیٰ عہدیداران، اراکین ایگزیکٹو اور دیگر اراکین شریک ہوئے، سے متعلق مکمل بریفنگ بذریعہ ملٹی میڈیا ہاؤس میں پیش کی۔ صاحب صدر نے ہاؤس کو آگاہ کیا کہ موجودہ ملکی صورتحال کے پیش نظر فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے ریجنل آفس لاہور میں ایک قومی مشاورتی کانفرنس کا انعقاد کیا گیا جس میں مجھ سمیت چیمبر کے سینئر نائب صدر جناب حنیف احمد اور نائب صدر جناب عدیل خالد اور سیکرٹری جنرل سید عبیر حیدر شریک ہوئے۔ صدر چیمبر نے بتایا کہ اس کانفرنس میں ایف پی سی سی آئی کے صدر کے ساتھ ساتھ فیڈریشن کے دیگر اعلیٰ عہدیداران اور پنجاب بھر کے چیمبرز آف کامرس اور ایسوسی ایشنز کے عہدیداران شریک ہوئے۔ اس کانفرنس کا بنیادی مقصد ملکی معاشی غیر مستحکم صورتحال کے پیش نظر تمام چیمبرز آف کامرس اور ٹریڈ آرگنائزیشنز کی باہمی مشاورت سے Charter of Economy تیار کرنا تھا۔ کانفرنس میں متفقہ طور پر یہ مطالبہ کیا گیا کہ حکومت اور اپوزیشن موجودہ ملکی صورتحال کے پیش نظر اکٹھی بیٹھے تاکہ پاکستان کی معیشت کی بہتری کے لیے کوئی بہترین لائحہ عمل ترتیب دیا جائے اور ملک کو موجودہ معاشی بحران سے نکالا جا سکے، صدر چیمبر نے یہ بھی بتایا کہ اس سے قبل ہم نے لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کا بھی وزٹ کیا اور لاہور چیمبر کے اعلیٰ عہدیداران سے بھی ملاقات کی گئی۔ یہ سب جاننے کے بعد ہاؤس نے اظہار تحسین کیا۔

**ایجنڈا نمبر4:- ماہ دسمبر 2022 کے دوران چیمبر میں ہونے والے اخراجات کی منظوری۔**

سیکرٹری جنرل چیمبر نے ہاؤس میں ماہ دسمبر 2022 کے اخراجات پر مبنی گوشوارہ برائے منظوری پیش کیا۔ سیکرٹری جنرل نے اخراجات پر مبنی گوشوارہ پیش کرنے سے پہلے ہاؤس کو آگاہ کیا کہ چیمبر کی فنانس کمیٹی اپنی میٹنگ منعقدہ مورخہ 10 جنوری 2023 میں ان تمام اخراجات بمع بلز اور ووچرز ریویو کر چکی ہے۔ سیکرٹری جنرل نے ہاؤس کو آگاہ کیا کہ ماہ دسمبر 2022 کے دوران چیمبر میں ہونیوالے اخراجات پر مبنی گوشوارہ برائے غور وخوض ومنظوری ایگزیکٹو اراکین کی فائلوں میں موجود ہے جس کے مطابق ماہ دسمبر میں ہونیوالے کل اخراجات مبلغ-4,62,632 روپے ہیں۔ ہاؤس نے ان اخراجات پر مبنی گوشوارہ پر غور وخوض کرتے ہوئے ان اخراجات کو منظور کر لیا اور باتفاق رائے درج ذیل قرارداد کی توثیق کر دی۔

**قرارداد 07/2022-23**

**"ہر گاہ ہاؤس بہاولپور چیمبر ماہ نومبر میں ہونیوالے کل اخراجات مبلغ-4,62,632 روپے کی باتفاق رائے منظوری دیتا ہے اور ان اخراجات کی توثیق کرتا ہے۔"**

CS CamScanner

**ایجنڈا نمبر 5:- صاحب صدر کی پیشگی اجازت سے زیر غور لائے جانے والے امور۔**

چیمبر کے نائب صدر جناب عدیل خالد نے کہا کہ دیکھنے میں آ رہا ہے کہ چند ایک اراکین ایگزیکٹو مسلسل ایگزیکٹو کمیٹی کی میٹنگ میں شریک نہیں ہو رہے اور ہمارے خیال میں ایسے اراکین جو مسلسل تین ایگزیکٹو کمیٹی میٹنگ میں شرکت نہ کریں، کی ایگزیکٹو رکنیت بارے کوئی لائحہ عمل ترتیب دیا جائے اور انہیں چیمبر کی جانب سے پابند کیا جائے کہ وہ ایگزیکٹو میٹنگز میں شریک ہوں۔

صدر چیمبر نے چولستان ڈیزرٹ جیپ ریلی کے موقع پر بہاولپور چیمبر کی جانب سے منعقد کیے جانے والے بہاولپور ٹریڈ فیئر بارے ہاؤس کو بتایا کہ ڈپٹی کمشنر بہاولپور کے آفس میں اس بارے ایک فائنل میٹنگ کا انعقاد کیا گیا جس میں انہوں نے بتایا کہ جیپ ریلی بارے تمام انتظامات تقریباً کر لیے گئے ہیں اور کمیٹیاں بھی تشکیل دے دی گئی ہیں۔ صدر چیمبر نے ہاؤس کو بتایا کہ بہاولپور چیمبر اس مرتبہ اگر ٹریڈ فیئر منعقد کرتا ہے تو مہنگائی کو مدنظر رکھتے ہوئے گذشتہ عرصوں کے ہونے والے اخراجات سے اس مرتبہ زیادہ خرچہ آئے گا جو تقریباً 30 لاکھ روپے کم و بیش ہوگا۔ صدر چیمبر نے ہاؤس کے یہ بھی بتایا کہ لوکل انتظامیہ نے بہاولپور چیمبر کو ٹریڈ فیئر بارے بہت دیر سے آن بورڈ لیا ہے اور نہ ہی اس بارے میں لوکل انتظامیہ کی جانب سے کوئی اچھا رسپونس ملا ہے، ٹریڈ فیئر بارے ہاؤس اپنی تجاویز دے کہ ہمیں یہ ایونٹ کروانا چاہیے کہ نہیں۔ ایگزیکٹو رکن جناب حافظ محمد یونس نے ٹریڈ فیئر بارے اپنی تجویز دیتے ہوئے کہا کہ گذشتہ چند سالوں سے بہاولپور چیمبر جیپ ریلی کے موقع پر ٹریڈ فیئر کروا رہا ہے اور یہ چیمبر کی ایک روایت بن چکا ہے اور میری یہ تجویز ہے کہ ٹریڈ فیئر اس مرتبہ بھی ضرور ہونا چاہیے۔ صدر چیمبر نے کہا کہ ٹریڈ فیئر کے انعقاد پر ہمیں ایک کثیر فنڈز درکار ہوں گے جس کے لیے میری یہ تجویز ہے کہ چیمبر کے اعلیٰ عہدیداران ایک ایک لاکھ اور تمام اراکین ایگزیکٹو پچاس پچاس ہزار روپے جمع کروائیں اور اگر حاصل شدہ یہ رقم ناکافی ہو تو چیمبر کے سینئرز اراکین سے رابطہ کر کے ان سے بھی فنڈز حاصل کیے جائیں جس پر حافظ یونس صاحب نے کہا کہ کسی بھی رکن کے لیے فنڈز مخصوص نہ کیے جائیں جس کی جتنی مرضی ہو وہ اتنی ہی رقم ادا کر دے اور اگر پھر بھی فنڈز پورے نہ ہوں تو بقایا رقم چیمبر سے پوری کی جائے جس پر صدر چیمبر نے کہا کہ چیمبر میں اتنے فنڈز موجود نہ ہیں کہ یہاں سے اخراجات پورے کیے جائیں۔ حافظ یونس صاحب نے کہا کہ ہمیں چیمبر کے سینئرز اراکین کی ایک میٹنگ بلانی چاہیے جس میں وہ ٹریڈ فیئر بارے اپنی حتمی تجاویز دیں اور فنڈز اکٹھا کرنے کے لیے لائحہ عمل بتائیں تاکہ اسی حساب سے ٹریڈ فیئر کی تیاری اور فنڈز اکٹھا کرنے کے لیے کوئی لائحہ عمل بنایا جائے جس پر صاحب صدر نے کہا کہ ہم جلد ہی اپنے سینئرز کی میٹنگ بلاتے ہیں اور اسی کے مطابق آئندہ کا لائحہ عمل تیار کیا جائے گا۔

**چونکہ مزید کوئی نکتہ زیر غور نہ تھا لہٰذا صدر چیمبر نے میٹنگ کے اختتام کا اعلان کیا۔ جس کے بعد اراکین ایگزیکٹو کی چائے سے تواضع کی گئی۔**

**(سیکرٹری جنرل)**
**بہاولپور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری**

**(صدر)**
**بہاولپور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری**

CamScanner